• رول نمبر اُمیدوار : ______________

اُردو (لازمی) دوسرا گروپ (III - 1st A 323) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس 11th پرچہ : I

وقت: 20 منٹ حصہ معروضی Code: 6026 مارکس : 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

.1

1 - غلّے ______ افراط، خوشی کا باعث ہے۔
(A) کا (B) کی (C) کے (D) کو

2 - بھنگی نے کمرے میں جھاڑو نہیں ______ ۔
(A) دیا (B) دی (C) دیئے (D) دیں

3 - مطلع کے دونوں مصرعے ہوتے ہیں
(A) مختلف (B) برابر الفاظ (C) بے معنی (D) ہم قافیہ

4 - غزل کے اشعار میں ایک جیسے بار بار آنے والے الفاظ کہلاتے ہیں
(A) قافیہ (B) ردیف (C) استعارہ (D) تشبیہ

5 - وہ الفاظ جو وزن اور صوت کے لحاظ سے ہم آہنگ ہوں، کہلاتے ہیں
(A) قوافی (B) ردیف (C) مرکب الفاظ (D) مستقل الفاظ

6 - ابوالقاسم زہراوی کے آباؤ اجداد رہنے والے تھے
(A) شام کے (B) عراق کے (C) مصر کے (D) اُندلس کے

7 - نوجوان اپنی تراش خراش سے معلوم ہوتا تھا
(A) خوش حال (B) خوش باش (C) پڑھا لکھا (D) فیشن ایبل

8 - مرغی کا صحیح مقام ہے
(A) کھیت (B) ڈربہ (C) صحن (D) پیٹ اور پلیٹ

9 - " اداتِ تشبیہ " کا دوسرا نام ہے
(A) وجہِ تشبیہ (B) غرضِ تشبیہ (C) طرفینِ تشبیہ (D) حرفِ تشبیہ

10 - "صبرِ ایوب" مثال ہے
(A) تشبیہ کی (B) استعارہ کی (C) تلمیح کی (D) علم بیان کی

11 - ایک مسلمان کی کامیابی اور تکمیلِ روحانی کے لیے ضروری ہے
(A) سنت نبوی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم (B) اسوۂ صحابہؓ (C) اسوۂ اسلاف (D) اسوۂ انبیاءؑ

12 - بیگم وجیہہ ہاشمی رہنے والی تھیں
(A) لاہور کی (B) اسلام آباد کی (C) کشمیر کی (D) کراچی کی

13 - تشبیہ کی نشان دہی کیجئے :
(A) میرا چاند (B) گریۂ یعقوب (C) سرو سا قد (D) دراز قد

14 - جو لفظ اُدھار لیا جائے، کہلاتا ہے
(A) مستعار لہٗ (B) مستعار منہ (C) وجہِ جامع (D) وجہِ شبہ

15 - استعارہ کی بنیاد رکھی جاتی ہے
(A) حقیقت پر (B) مجاز پر (C) علامت پر (D) اشارے پر

16 - " ہستی اپنی حباب کی سی ہے ...... یہ نمائش سراب کی سی ہے " اس شعر میں قافیہ ہیں
(A) ہستی (B) نمائش (C) کی سی ہے (D) حباب، سراب

17 - ردیف سے پہلے آتا ہے
(A) قافیہ (B) مطلع (C) مقطع (D) تخلص

18 - پچاس روپے ______ لونگ لے آؤ۔
(A) کے (B) کا (C) کی (D) کیں

19 - عارف نے آج کا اخبار نہیں ______ ۔
(A) پڑھا (B) پڑھی (C) پڑھیں (D) پڑھے

20 - یہ کس ______ میز ہے؟
(A) کی (B) کا (C) کیں (D) کے